# جائزہ

۱۔ دیے گئے جُملے پڑھیے اور دُرست جواب پر (✓) کا نشان لگائیے۔

(ا) ریستوران کا مالک گن رہا تھا:

○ پلیٹیں ○ چمچے ○ پیسے ○ کُرسیاں

(ب) ڈاکٹر کام کرتا ہے:

○ آفس میں ○ اسکول میں ○ ہسپتال میں ○ کھیت میں

(ج) کبڈّی کی ہر ٹیم کو حملہ کرنے کے لیے دیے جاتے ہیں:

○ ۴۰ سیکنڈ ○ ۳۰ سیکنڈ ○ ۲۰ سیکنڈ ○ ۱۰ سیکنڈ

(د) لوگوں کے بال کاٹتا ہے:

○ درزی ○ موچی ○ حجّام ○ ڈاکٹر

(ہ) قاضی نے کیا:

○ دھوکا ○ انصاف ○ سودا ○ مذاق

۲۔ دیے گئے سوالوں کے جوابات لکھیے۔

(ا) اگر کوئی ہمارے پاس اپنی کوئی چیز رکھوائے تو ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

_______________________________________________

_______________________________________________

(ب) مسافر نے ریستوران میں کیا دیکھا؟

_______________________________________________

_______________________________________________



OXFORD UNIVERSITY PRESS

(ج) پیشہ کسے کہتے ہیں؟

(د) کبڈّی کھیلتے وقت کھلاڑی چوٹ سے کیسے بچتے ہیں؟

(ہ) آپ کو اللہ تعالیٰ نے کون کون سی نعمتیں عطا کی ہیں؟ کوئی سی پانچ لکھیے۔

۳۔ دیے گئے شعر کی نثر لکھیے۔

یہ جو اپنی گول زمیں ہے پہلے پہل تھی پانی پانی
سب دنیا تھی ایک سمندر جس کی لہریں تھیں طوفانی

۴۔ خالی جگہ میں دُرست ہندسے اور الفاظ لکھ کر گنتی مکمل کیجیے۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | | ۳ | ۴ | | ٦ | | ۸ | | ۱۰ |
| | دو | | چار | | چھے | سات | | | دس |



OXFORD UNIVERSITY PRESS

۵۔ دیے گئے جُملوں میں ختمہ، سکتہ اور سوالیہ علامت لگا کر جُملے دوبارہ لکھیے۔

| | |
|---|---|
| باجی اور بانو اخبار پڑھ رہی ہیں | |
| دادا جان کیوں پریشان ہیں | |
| آج بچّے اسکول جائیں گے | |
| کوّا مینا چڑیا اور بلبل شاخ پر بیٹھے ہیں | |
| لال گلاب کس نے توڑا ہے | |
| مُنا چُنا بے بی اور بابو سب ساجد کے دوست ہیں | |

٦۔ دیے گئے الفاظ کے متضاد الفاظ لکھیے۔

| اُونچا | چھوٹا | نرم | روشنی | صفائی |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

۷۔ آپ چھُٹّی کے دن کیا کرتے ہیں؟ کم از پانچ لائنوں میں لکھیے۔